نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

کماد کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی پروگرام کے تحت مخلوط وچپ بڈ ٹیکنالوجی سے کاشت کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔

لاہور: 21اگست 2023 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کماد کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے 2 ارب 73 کروڑ روپے کی لاگت سے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔اس پروگرام کے تحت ستمبر کاشتہ کماد میں مخلوط وچپ بڈ ٹیکنالوجی کی کاشت کے لئے سرگودھا،بھکر،فیصل آباد،ٹوبہ ٹیک سنگھ،منڈی بہاؤالدین ،مظفرگڑھ،قصور،راجن پور،لیہ،بہاولپور،رحیم یارخان، جھنگ اور چنیوٹ کے اضلاع کے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب ہیں ۔اس پروگرام کے تحت حکومت پنجاب کی طرف سے ایک ایکڑ کاشت کے لئے 5 ہزار روپے سبسڈی دی جائے گی ۔ایک کاشتکار پراجیکٹ پیریڈ کے دوران صرف ایک مرتبہ زیادہ سے زیادہ 5 ایکڑ پر سبسڈی حاصل کرسکتا ہے۔درخواست دہندہ کا محکمہ زراعت کے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔کماد کے کاشتکار رجسٹریشن کے لئے متعلقہ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) رابطہ کریں۔درخواستیں تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں وصول کی جائیں گی اور مکمل جانچ پڑتال کے بعد قرعہ اندازی کی جائے گی۔درخواست دہندہ قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے کے بعد محکمانہ سفارشات کے بعد کاشت کا پابند ہوگا ۔اس ضمن میں کاشتکار درخواست فارم متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) یا زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کر سکتے ہیں یا محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی ۔کاشتکار مکمل شرائط کے مطابق مکمل کرکے اپنی درخواستیں 4 ستمبر 2023 تک جمع کرواسکتے ہیں۔

☆☆☆☆